10439 ـ تصاویر والا لباس پہننے کا حکم

سوال

تصاویر والا لباس پہننے کا حکم کیا ہے ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

انسان کے لیے وہ لباس پہننا جائز نہیں جس میں حیوان یا انسان وغیرہ ذی روح کی تصاویر ہوں، اور اس کے لیے ایسا رومال یا مفلر وغیرہ بھی پہننا جائز نہیں جس میں انسان یا حیوان وغیرہ ذی روح کی تصویر ہو، کیونکہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے:

" یقینا فرشتے اس گھر میں داخل نہیں ہوتے جہاں تصویر ہو "

اس لیے ہم کسی کے لیے جائز نہیں سمجھتے کہ وہ بطور یاد گیری تصاویر بنوائے اور انہیں سنبھال کر رکھے، جیسے لوگ کہتے ہیں، اور جس شخص کے پاس بھی یادگیری تصاویر ہوں اس پر واجب ہوتا ہے کہ وہ انہیں تلف اور ضائع کر دے، چاہے اس نے وہ تصاویر دیوار پر لگا رکھی ہوں، یا پھر اس نے البم میں سجا رکھی ہوں، یا کہیں اور، کیونکہ ان تصاویر کا باقی رکھنا گھر میں موجود افراد کے لیے گھر میں فرشتے داخل ہونے سے محروم رکھنے کا باعث بنتا ہے، اور جس حدیث کی طرف میں نے اشارہ کیا ہے وہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے صحیح ثابت ہے.

واللہ اعلم .